اوس پر ہے کرم شہہ کی توقیر سے کیا ہو گا

جو عشق مجازی مین سرگرم رہے اشرف
اونکو تو محبت کی تاثیر سے کیا ہو گا

جن کو ہے نہین جذبہ اسلام کا عالم مین
اونکے لیے قرآن سے تفسیر سے کیا ہو گا

غزل سوم

دل بیقرار ہوتا ہے سیماب کیطرح
بیتاب ہو نمین ماہی بے آب کیطرح

دن بھر مثال بلبل گلشن ہون نالہ گیر
شب کو بھی نالہ کرتا ہون ہر خواب کیطرح

اوس ماہ رو کا ہے رخ زیبا جو بے نقاب
تب فق ہو چہرہ مہر کا مہتاب کی طرح

بحر ولا مین موج کیصورت ہین پیچ و تاب
گردش مین چل رہا ہون مین گرداب کیطرح

بے نوشدارو آپنے زخمی کو مارا گیا
یہ ماجرا ہے رستم و سہراب کی طرح

کس رشک آفتاب کا مائل ہے اشرفا
چکر مین ہے جو چرخ جو دولاب کیطرح

غزل چہارم

ہون وہ صابر گر خیال سیم و زر پیدا کرون
خاک سے اکسیر اصلی کا اثر پیدا کرون

ہم نفس نے طرز سیکھی گرمی فریاد کی
جسمین ہے نالونمین اور طرز دگر پیدا کرون

مفلسی و بیکسی مین سب نے چھوڑا مجھکو آج
راہ کلفت مین کہانسے ہم سفر پیدا کرون

کسقدر ہے شوق مجھکو تیغ قاتل سے مگر
شمع ساجب تک قلم ہو اور سر پیدا کرون

کیا ولائے پہنچ تن ہی تیری دلمین اشرفا | جسکی باعث نظم مین ایسی گہر پیدا کرین

غزل پنجم

ماجرا دلکا مین اپنی گو سہنا لون تو کہون | حال اپنا تو اجی ہوشمین آلون تو کہون

وصل کی رات جو کہتا ہون بہت منت سی | ہنسکے کہتی ہین وہ بالونکو بنالون تو کہون

گرچہ پیری ہی مگر کونسی دشواری ہے | رنگ وس یار کی صحبت مین جمالون تو کہون

تہوڑی مہلت کی ضرورت ہی تقاضا کیا ہی | پیار کرون تمہین سینہ سی لگالون تو کہون

دلِ رنجور کا احوال صنم سی اشرف | اشکِ خون چشمونسی سو بار بہالون تو کہون

غزل ششم

ناوکِ چشمِ صنم تیر قضا سے کم نہین | اونکی دانتونکی چمک برقِ بلا سی کم نہین

اونکی باتون مین عجب انداز ہی کیا لطف ہے | کج ادائی یار کی ہرگز ادا سی کم نہین

خونِ عاشق صرف دست و پا کروائی گلبدن | سُرخیِ خون سُرخیِ رنگِ حنا سی کم نہین

فرق پر جسکے پڑا سایہ ہوا وہ تاجدار | تیری دیوار ای صنم بالِ ہما سی کم نہین

روح تازہ اوسنی پائی حلق جسکا تر ہوا | آبِ تیغِ دلربا آبِ بقا سے کم نہین

خواہش کحل البصر ہرگز نہین اشرف مجھے | خاکِ کوئے یار مجھکو توتیا سے کم نہین

غزل ہفتم

سخت لاچار ہون الفت مین اثر کچہہ بھی نہین | دلربا تجھکو مری دلکی خبر کچہہ بھی نہین

کیا زر و مال کا ہی کام محبت مین حضور | یان تو ایک دلکی سوا دولت زر کچہہ بھی نہین

کہینچ لایا ترے گہر جذبہ الفت مجھکو | تم تو فرماتی تہی نالون مین اثر کچہہ بھی نہین

منزلِ عشق کو طے کرنی بہت ہی دشوار | عاشق خستہ ہون اور زادِ سفر کچہہ بھی نہین

رات دن اونکا عجب حال تہا اس دنیا مین | ذکر مین سمع کی تہی ذکرِ بصر کچہہ بھی نہین

دن کہان رات کہان عالم دو روزہ مین
بعد مرنے کی یہان شام و سحر کچھ بھی نہین

فانی دنیا کے ہین اسباب محبت والو
آنکھین جب بند ہوئین نور نظر کچھ بھی نہین

واہ کیا رشتۂ الفت ہی جہان مین اشرف
مرمٹو خاک مین ملجاؤ مگر کچھ بھی نہین

پر ولا پنجتن پاک کی صادق ہی ضرور
اسمین ہی مہر خدا اور خطر کچھ بھی نہین

وہ سران دو سرا ہادی راہ الفت
ہر طرح فائدہ جس سی ہی ضرر کچھ بھی نہین

الفت پنجتن پاک ہی اصل عرفان
یہ حقیقی ہی مجازی مین اثر کچھ بھی نہین

غزل ہشتم

جلوۂ نور رسالت سی جو ہی انور زمین
آسمان سی ہے حقیقت مین کہین بہتر زمین

اور نہ حامل ہوتی نور پنجتن سی گر زمین
کیا ترٹپتی صورت کشتی بے لنگر زمین

جب سی تو رونق دہ عالم ہی اے رشک مسیح
ہنس رہی ہی ہر زمان چرخ چہارم پر زمین

ذرۂ خاکی چمکتا ہی ستارون سی بہت
کیسے جلوہ سی تری اے ماہ ہے انور زمین

ہونگی ہم کیا آبلہ پا دشت فرسائی جنون
تیز کر کہنا سر ہر خار کو نشتر زمین

ہے تعجب خاک مین کیا کیا چھپی زرین کلاہ
قصر جنکا قبر ہی مسند ہی خاک افسر زمین

رفعتو نیر رفعتین ہوتی ہین انسان کیلئی
پھر نتیجہ رفعتون کا پست ہی آخر زمین

منزلت خورشید کی ثابت ہی دنیا مین مدام
مرقد حیدر سے لیکن ہوتی ہی برتر زمین

ہند مین بیچین ہی یہ خاک پائے بوتراب
دیکھیگا اشرف کسی دن کیا نجف کی پر زمین

غزل نہم

نور افزا ماہ رو کی کان مین بالے ہوے
گویا ماہ چاردہ کے گرد دو ہالے ہوے

کس تصور مین کیا صحرا نوردی اختیار
دیدۂ خون ریز میری پاؤن کی چھالی ہوے

روئی روشن سے جو الٹی تونی چادر بام پر
مثل موسی اغش ہزارون دیکھنے والی ہوے

خواب راحت مین خلل اہل ولا کی آگیا
جب تری عشاق کی نالو نہ پھر نالی ہوے

ہجر مین ہی جب خیال کاکل مشکین یار	رات سی افزون مرے آنکھو نمین دن کالی ہوے
جرم الفت پر کیا جنسے کہ پھر اشرف کو قتل	میریجان اب وہ بھی میرے جا ہنی والی ہوے

غزل دہم

عروج جسکو ہے اس جہانمین توجانو اوسکو زوال بھی ہے
عجب طریقہ رہا ہیا نپر کہ امن بھی ہے جدال بھی ہے

خیال محبوب مین برابر سرور بھی ہی ملال بھی ہے
بناتے ہین وہ یہ کیسی باتین جواب بھی ہے سوال بھی ہے

کہان ہے خسرو کہان ہی شیرین کہان ہی مجنون کہان ہی لیلی
جنہون کے قصو نسی ہمکو اسدم ذرا تو رکہا سنہال بھی ہے

ارے جفا پیشہ بے مروت وغا کا آخر ہے کیا نتیجہ
زمانہ تجھسے ہی سخت نالان بتا تجھے انفعال بھی ہے

ہماری حالت کو دیکھکر کے جواب دیتے ہین کس ادا سے
ہٹو ہماری جگہ سی صاحب کہ مجھکو اپنا خیال بھی ہے

بہائے خون بی تکلف اگر خوشی ہی تمہاری اسمین
مگر یہ جانو کہ اسگھڑی سی حیات مجھکو وبال بھی ہے

ہمیشہ مجھکو ہی یاد جسکی کیا فراموش اپنی راحت
عجب ہی اوس مہ لقا سی مطلق نہین ہمارا خیال بھی ہے

بہار پر اونکی یہ جوانی فروغ پر شمع لن ترانی
اومنگ پر کیون نہو وہ جانی کہ اونکو نازِ جمال بھی ہے

اگر ہے جذبہ تمہارا کامل تو سمجھو الفت مین کیا مزہ ہی
جدائی مین یاس جینے سی ہی مگر امید وصال بھی ہے

غزل ہی اشرف کی گر مجازی مگر ہے آخر مین وہ حقیقی
رہے ولا پنجتن کی مجھکو کہ اونسے الفت کمال بھی ہے

بنی سے رحمت علیؑ سے عزت مدد ہی زہراؑ سے مجھکو حاصل
جناب شبیرؑ سے ہے رفعت حسنؑ سی عز و جلال بھی ہی

نہین ہی پروا مجھی کسی کی کہ میرے حامی یہ پنجتن ہین
سبک ہی دشمن مری مقابل خدا کا مجھپہ نوال بھی ہے

پرچہ سوم در سلام اُردو

سلام اول

پھر ہمین حاصل ہوا شیر خدا کا سامنا
مرتضیؑ کا سامنا عقدہ کشا کا سامنا

با ادب مجلس مین آؤ اور سنو حیدرؑ کی مدح
اسجگہ مین دیکھ لو ہے انبیا کا سامنا

تیرہوین تاریخ ہے ماہِ رجب کی مومنون
عالمِ امکان مین ہی مشکلکشا کا سامنا

محفل میلاد حیدرؑ مثل مولودِ رسولؐ
اسمین حق کا سامنا او سمین خدا کا سامنا

خاص کعبہ مین رکھا حضرت نی جب اپنا قدم
غل ہوا پھر ہی وہان خیر الوری کا سامنا

لن ترانی پھر موسیٰ طور پر نازل ہوئی
پر علیؑ کیواسطے ہے انما کا سامنا

عالم ہستی درخشان ہی علی کیوجہ سے
اشرفا ہردم یہان ہی اوس ضیا کا سامنا

سلام دوم

جب درِ شبیرؑ پر اپنا گذار ہو گیا
اوج پر اقبال کا میری ستارا ہو گیا

واہ ری توقیر شاہِ کربلا کونین مین
جنکا پھر دربان حشم مین فخر دارا ہو گیا

صاف قلعی کھل گئی اوس نور دین کی سامنے
آئینہ البیسا جلا کا غور پارا ہو گیا

کیا عجب تبسیرؑ کیقدرت تھی مردون کیلئے
جان مین جان آگئی زندہ دوبارا ہو گیا

جنگ مین ایسی شجاعت شاہ سی ظاہر ہوئی — دشمنونکا ایکدم وارا نیارا ہوگیا

کہتے تھے حیدر حسینؑ عباس کو باہم دگر — جلوہ گر خورشید کے پہلو مین تارا ہوگیا

ہے تولد تیسری شعبان مین اس ماہ کی — جسکے باعث سی منور دہر سارا ہوگیا

کہتے تھے روح الامین روز ولادت شاہ کی — فرط بہجت سی عجب عالم ہمارا ہوگیا

ماہ رفعت بدر عزت شمس برج اعتلا — جسکے مقدم سی شریعت کو سہارا ہوگیا

نور زہرا عین حیدر سبط پاک مصطفےٰ — دین حق جنکے سبب سے آشکارا ہوگیا

شاہ عرفان ماہ برہان قوت دین رسول — سر علم معرفت سارا تمہارا ہوگیا

نور رخ سی حسینؑ ابن علیؑ کے اشرفا — چاند کا ہیدہ ہوا اتنا کہ تارا ہوگیا

سلام سوم

مجرئی کرتا ہون مین مدح شہ جن و بشر — جن کا ہے نام علیؑ اور لقب ہے حیدرؑ

وہ دل و جان رسولؐ دوسرا اصل علیٰ — منبع جود و سخا مالک حوض کوثر

وہ امام دو جہان شبر خدا روح بتول — وہ کفیل غربا اور ولایت کے گہر

وہ رسولونکے شرف اور ملائک کی معین — بیکسونکے وہی حامی ہین یتیمونکے پدر

دین احمدؐ کے نگہبان شریعت کے حصار — باپ حسینؑ ہین اور شافع یوم محشر

کسطرح نام نہ مذکور تیرا ہو شاہا — چیر ڈالا تہا مگر مہد مین تونے اژدر

تجہہ سے طالب ہوی امداد کی یونسؑ آدمؑ — تیرا احسان ہی ہر ایک نبی کے اوپر

نور سے تیرے ہوا شمس و قمر عالم مین — کشتی امت عاصی کے تمہین ہو لنگر

یعنی نور علی نور کھلے کعبہ مین — پاؤن تونے جو رکھا دوش نبی کے اوپر

منقبت تیری بھلا مجہسے ہو کیونکر شاہا — تیرا مداح نبی اور ثنا خوان داور

مگر افسوس کی مسجد مین تجہے قتل کیا — جس الم سے ہوا کونین مین کیا زیر و زبر

انبیا روتی تھی اور سارے فرشتے مغموم — غل تہا کوفہ مین کہ جاتی ہین جہانسی حیدرؑ

اس شہادت سے تری احمد مرسل تھی ملول
روک اب توسن خامہ کی عنان اے اشرف
یا علی میری مدد کیجئے بہر شبیر
تھوڑی تو یاؤن نجف مین پی مدفن مین جگہ

اور کیا زلزلہ تھا عرش معلےٰ پہ مگر
ختم کر نظم اوٹھا ہاتھ دعا کے اوپر
دل کی جو میرے مطالب ہین برآوین یکسر
بہر سلطان رسل اپنا مجھے زائر کر

سلام چہارم

کیا گلستان مین ہے حسن قدرت پروردگار
صاف قدرت کا پتہ پایا محمدؐ سے بیان
پنج تن سے پھر ہویدا ہو گئے انوار حق
یہ سخن پر جوش وحدت سنکے دلمین اشرفا
اے خداوند جہان وے خالق لیل و نہار
تو ہے دانا تو ہی بینا تو ہی مالک اور کریم
ترا محبوب مکرم احمدؐ ذی شان ہے
تیرے عرش پاک کے گوہر حسنؑ ہین اور حسینؑ
لیک حیرت ہی کہ ایسے پنجتن کا خاتمہ
قاسم و عباسؑ غازی اور اکبرؑ نوجوان
چھینی چادر زینبؑ و کلثومؑ کی کفار نے
یا الٰہی تو بڑا عادل ہی اسکا عدل کر
قاتلونکو شاہ دین کی دی سزا ئے دائمی
واسطہ حسینؑ کا میری بھی سُن لی التجا
آرزو کوئی نہ ہو تیری اطاعت کے سوا
اور میرے فرزند کو اقبال دے بہر حسینؑ

اے سلامی جب گل و غنچہ مین وہ ہے آشکار
اور حیدرؑ سے ہوا جلوہ اوسیکا بار بار
حشر تک یہ نور عالم مین رہینگے یادگار
ہو گئی خواہش کہ لکھون اسمین نظم آبدار
تیرے حکم خاص سے چلتا ہے سبکا روزگار
بندگان ہم سب ہین تیرے تو بڑا آمرزگار
اور حیدرؑ ہے ترا مطلوب وقت کارزار
فاطمہؑ زہرا ہین تیری ہے تجلی آشکار
کربلا مین ہوئے یارب ظہر جمعہ ایک بار
دست اعدا سے گرین یہ سب بدشت کارزار
اور سکینہ کو طمانچہ مارے شمر نابکار
اہل بیت مصطفےٰ اور شامیان بدشعار
تا کہ وہ سب خوار ہون اور سرنگون پھر مستشار
کر مری امید اسدم بہر شاہ ذوالفقار
یہ سراپا جرم دیکھے با دنصرت کی بہار
بہر سلطان رسل بہر علی نامدار

جب تلک تیری کرم سی ہیگا عالم کامیاب
صحت و عزت مین مجھکو رکھ بحق ہشت و چار

جب تلک ہی بوستان اور بوستان مین رنگ و بو
جب تلک نافہ ہی اور نافہ مین ہی مشک تتار

دین احمدؐ کا رہی رتبہ زمانہ مین بلند
اور اہل علم کی عزت رہی یان برقرار

مومنین کو ہو وہی راحت بہر شاہ بوتراب
اور حاسد ہون دل افسردہ ذلیل و دلفگار

اسقدر اسلام کی حالت ہی خستہ آجکل
قائم دین محمدؐ کا ہے سبکو انتظار

وہ امام عصر سلطان زمن نور خدا
مہدیؑ دین مبین فرخندہ بخت و کامگار

جان حیدرؑ روح زہراؑ عالم علم رسولؐ
دستگیر مومنان حاجت روا اور تاجدار

آپ ظاہر ہون تو مٹجای جہان سی جہل و کفر
آپ کی آنے سی ہم سبکا ہی بیڑا آر پار

یا خدا مجھکو قسم ہے سید لولاکؐ کی
ہو ظہور حضرت مہدیؑ کہ اوسکی ہی پکار

سلام پنجم در مدیحہ

دکھادو جلوہ پھر اپنا امیر المومنین حیدرؑ
امام مسلمین حیدر انیس مرسلین حیدرؑ

منیر دین احمدؐ ہو جہان کے تم تو رہبر ہو
کفیل اولیا تم ہو زمانہ کے معین حیدرؑ

سراج انبیا تم ہو ضیاء اولیا تم ہو
نبی کے بعد ہم سب کی ہو تم سلطان دین حیدرؑ

کہان موسیٰؑ کہان عیسیٰؑ کہان داؤدؑ اور یوسفؑ
تمہاری وجہ سی یہ سب ہوی مسند نشین حیدرؑ

نہین ممکن تری توصیف انسان سی کہ عالم مین
تمہارا مثل خلقت مین نہ آیا ہی کہین حیدرؑ

شریعت مین طریقت مین ولایت مین امامت مین
نبی کے بعد تم ہو یا علیؑ یعسوب دین حیدرؑ

ترا مداح دایم اشرف الدین ہی زمانہ مین
بچاؤ اوسکو کلفت سی شفیع مذنبین حیدرؑ

سلام ششم در مدیحہ

لبون پر مدح شاہ کربلا صبح و مسا نکلے
ہمارے نطق مین تاثیر نطق اولیا نکلے

شریعت مین طریقت مین امامت مین ولایت مین
حسینؑ ابن علیؑ دونون جہان کی رہنما نکلے

سر آرای عزت آفتاب دین پیغمبرؐ
معین ملت اسلام نور کبریا نکلے

سلیمان مرتبت داود حشمت شاہ عرفانی
بنا زسالکان ایکمین صاحب لوا نکلے

کہان صبر حسینیؑ اور کہان تسلیم ایوبی
صبوری مین خدا کے سامنے یہ مقتدا نکلے

اگر سمجھو نہ سمجھو بعد حیدر دین احمد مین
جناب حضرت شبیر شاہ دوسرا نکلے

کرون کیونکر بیان مولد شبیر شعبان مین
کہ جسکی آمد آمد کی خوشی مین کیا ضیا نکلے

نہین معلوم تھا جلوہ تھا اسمین حکم خالق سے
کہ ایسے ماہ کی مولود مین مہر خدا نکلے

اگرچہ آدم و عیسیٰ کے مولد کا ہوا شہرہ
مگر شبیر کے مولد مین خود شمس الضحیٰ نکلے

عجب نور حسین ابن علی کا ضو ہے عالم مین
کہین پر ابتدا نکلے کہین پر انتہا نکلے

حسین ابن علی کے نور کا کیا ذکر ہوا شرف
کہ جسکی وجہ سے کونین مین نور خدا نکلے

ہماری کیجیے مشکل کشائی جلد یا حضرت
کہ نقش نقش پاہون جس سے میرا مدعا نکلے

سلام ہفتم

روح کے اندر نہوتی بو ہمہ تن پھول مین
اے سلامی گر نہوتا شہہ کا مدفن پھول مین

جلوہ رخسے منور حضرت عباس کے
پھول گلشن مین نظر آتا ہے گلشن پھول مین

کہتی تھی یون قاسم نوشہہ کو دولہن سے نسیم
گل یہ رنگ و بو نہوگا اے سہاگن پھول مین

جبکہ مدحت کی گل رخسار اکبر کی بیان
چھپ گئی شرمندگی سے بوے گلشن پھول مین

عشق کامل ہے گل رخسار حضرت سے مجھے
بوی گل کا اسلیے ہوتا ہے مسکن پھول مین

الفت شبیر مین پھولو بھی حالت اشرفا
جیب بھی ثابت نہین دیکھا نہ دامن پھول مین

سلام ہشتم

مجرئی مقتل مین ابن شیر رب آینگو ہے
عسکر روبہ صفت پر اب غضب آنیکو ہے

کوئی دم مین ظالمونکا رخ بدلجاویگا آج
فوج شہ سے اکبر عالی حسب آنیکو ہے

حشر اب برپا ہوا ہے چاہتا ہے جنگ مین
شامیونکے بس مین شاہ تشنہ لب آنیکو ہے

کیون نہ پھر جاوین ملائک لیکے ریحان سے ال
گور مین میری شہ امی لقب آنیکو ہے

کیون لحد اور حشر سے ڈرتا ہون میرے لیئے
ساقی کوثر شہ والا نسب آنے کو ہے

کربلا کی پھر زیارت کے لئے آمادہ ہون
ہم وطن کو میری نیت پر عجب آنیکو ہے

اشرف خستہ کی حالت پر نظر ہو یا حسین
آپکی درگاہ مین پہر باادب آنیکو ہے

آپکی مدحت سرائی سے سخن مین بیگمان
لطف نظم ہند یا نظم عرب آنیکو ہے

نظم اول در نعت نبوی

طوبےٰ ہے اگر قامتِ دلجوئی محمدؐ
ہے قد علی سرو لب جوئے محمدؐ

حیدر کی زیارت سے زیارت ہے نبیؐ کی
ہے روئے علی آئینہ روئے محمدؐ

آنکھین نہ کھلین بعد ولادت نہ پیا شیر
جو سے نہ زبان دیکھا نہ تا روئے محمدؐ

بے خوف و خطر بستر احمد پہ علی تھے
اللہ رے وہ ایسی تہی رضا جوئی محمدؐ

کیون واجب عینی نہو احمدؐ کے زیارت
محراب جہان ہے خم ابروئے محمدؐ

کیا دوش نبیؐ مقصدِ معراج علی ہے
کیا جانے ید اللہ ہے پہلوئے محمدؐ

کیا چشمۂ حیوان پہ رہا ناز خضر کو
ہے کوثر و تسنیم پہ قابوئے محمدؐ

عشاق پیمبر کو جو ہے جذبۂ دیدار
پھر جاتا ہے مُنہ قبر مین تب سوئے محمدؐ

ہر وقت مہکتا ہے گلستانِ مدینہ
پہیلی ہوئی اسمین ہے جو خوشبوئے محمدؐ

احمد نے کہا لحمک لحمی جو علیؑ کو
ہے شیر خدا اسلیئے بازوئے محمدؐ

وصفِ شہ لولاک مین اشرف کی یہ اشعار
ہین گوہر شہوار بر کوئے محمدؐ

نظم دوم در منقبت مرتضوی

تم شہریار ملک ولایت ہو یا علیؑ
اور آفتاب بُرج امامت ہو یا علیؑ

تم عالم علوم حقیقت ہو بے گمان
اور ماحی نفاق و ضلالت ہو یا علیؑ

تم منبع شہود ہو تم مجمع شجود
اس عالم وجود کی زینت ہو یا علیؑ

تم گوہرِ مراد ہو تم جوہر نہاد
تم کاشفِ رموز طریقت ہو یا علیؑ

تم ضیغم اللہ ہو تم زوج فاطمہ — اور بازوے جناب رسالت ہو یا علیؑ
تمنے نبیؐ کا ساتھہ دیا ہر زمانہ مین — کیا معنی کنوبد فاقت ہو یا علیؑ
بعد رسول تمسے جہانکو شرف ملا — واللہ عز وشان رسالت ہو یا علیؑ
زیر لواے حمد محمدؐ کے ہم نفس — کیا پیر منیر شفاعت ہو یا علیؑ
تمسے نبی ملے اور نبیؐ سے خدا ملے — کیا معرفت کی اصل حقیقت ہو یا علیؑ
مشکل کشا ہو شیر خدا ہو امام ہو — اور روز حشر شافع امت ہو یا علیؑ
یوم غدیر حکم خدا سے براے خلق — بعد رسول تیری خلافت ہو یا علیؑ
وشمع حمل کیواسطے مریکم حرم جائین سے — اور کعبہ مین تمہاری ولادت ہو یا علیؑ
اللہ رے مرتبہ کہ خدا تجھسے ذوالفقار — جس سے تمہارا نام ہو عظمت ہو یا علیؑ
پھر مصطفےؐ کی دختر فرخندہ ہو نصیب — جس سے بناے کاخ سیادت ہو یا علیؑ
تیری ثنا خدا سے ہوا اور مصطفے سے ہو — کیونکر زبان خلق سے مدحت ہو یا علیؑ
اشرف کی کیا مجال کہ تیری ثنا کرے — اسواسطے کہ مخزن قدرت ہو یا علیؑ
جو دوست تیرے ہین وہ رہین شادمان مدام — اور دشمنون کو طرح تیری نکہت ہو یا علیؑ
اے شہسوار معرکۂ علم وفضل وجود — کیجئے کرم کہ مجھہ پہ عنایت ہو یا علیؑ
بیٹے کو میرے کیجئے عالم مین سرفراز — ہم دونون کی غلامی پہ رحمت ہو یا علیؑ
تا صبح وشام آپ کے ذریعہ سے ما قیام — شبیر کے جناب مین عزت ہو یا علیؑ
زیر لحد فشار سے ہووے میری نجات — اور حشر مین نصیب شفاعت ہو یا علیؑ

نظم سوم در منقبت فارسی

مثل تو اے مرتضیٰ ہرگز نہ داور یافتہ — خوب بہر خود خدا بےمثل یاور یافتہ
حق بہ نازو بر تو ناز تو براے حق بنرد — قلزم زخار او چون تو شناور یافتہ
حق سلامت میرساند مصطفےؐ بر تو درود — نیّر اقبال تو این گونہ گوہر یافتہ

مصطفیٰ وضتر دیدہ تیغ و تکاور کبریا | کیست ہم شانت بگو گین لطف داور یافتہ
بال مرغ رفعت در رفعت بکشاد بال | مرغ عقل عقل کل در زیر شہپر یافتہ
آیہ تبلیغ در شانِ تو نازل در غدیر | جان نشین مثل تو از حق چون پیمبر یافتہ
یا علی مثل تو بعد از مصطفیٰ پیدا نہ شد | جملہ ارباب ولایت از تو جوہر یافتہ
از تو شد نسلِ امامت از تو شد کارِ جہان | از تو این عالم بسا زینت مکرر یافتہ
مفتی ہر چار دفتر از یقین شاہا توئی | ذرہ ات را نور افزا شاہ خاور یافتہ
ہادی روح الامین ہستی ز ایام قدیم | دین برحق از وجودت زور تکبیر یافتہ
یا علی از فیض تو ہر دو جہان شد کائنات | از تو علم معرفت سلمان و بوذر یافتہ
ہم خدا خواہد ترا ہم انبیا ہم اولیا | بارک اللہ مثل تو این دہر سرور یافتہ
لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار | در جہان ضرب المثل از نام حیدر یافتہ
می سزد گویم ترا از دل امیر المومنین | زانکہ خود خالق ترا در خلق بہتر یافتہ
مطلع ایمان کامل منبع خلق رسول | شرع احمد مثل تو حامی و رہبر یافتہ
اشرفا ممکن کجا باشد ثنائے بوتراب | زانکہ وصفش از قلم بر عرش اکبر یافتہ

نظم چہارم در سلام

اے سلامی کربلا میں نور ہے | خیمۂ شبیر رشکِ طور ہے
صبح عاشورہ کہا شبیر نے | دیکھیں کیا اللہ کو منظور ہے
کون میرے درد سے واقف نہیں | یہ تو دنیا میں بہت مشہور ہے
جب مرے اکبر کہا شبیر نے | شیشۂ دل میرا چکنا چور ہے
یہ مصیبت ہر گھڑی اچھی نہیں | ظالمو کر لو جو کچھ منظور ہے
زخم تیر و تیغ سے اعدا کے آہ | جسم حضرت خانۂ زنبور ہے
شدت گرما عطش فاقہ کشی | اِن نشان سے کربلا مشہور ہے

بعد اصغر یون کہا شبیر نے — رحم دل مین اب میرے ناسور ہے
نعش پر عباسؑ کے شہ نے کہا — دل میرا غم مین تیرے رنجور ہے
کون ہے مونس یہان زینب میرا — دل ہمارا بیکسی مین چور ہے
چل بسے کیسے جوانان حسینؑ — جن کے مرنے سے جہان مہجور ہے
ضربتِ تیغ حسینؑ ابن علیؑ — مثل ضربِ حیدری مذکور ہے
کس طرح سے ہو بیانِ کربلا — جس کے باعث سی جہان رنجور ہے
کون کر سکتا ہے ذکرِ کربلا — کس کو قدرت ہی کسے مقدور ہے
جاے عبرت ہی کہ حق مین حق نہین — بے انا الحق دار پر منصور ہے
زایران کربلا ٹہرو یہان — پا میرا اب چلنے سے معذور ہے
رہ نور و معرفت سمجھو یہان — روز دینا کیون شبِ دیجور ہے
ایسی ہل چل ہم مو دیکھی نہین — دہر مین کیا احتمالِ صور ہے
سچ ہے یہ ضرب المثل سب کیلئے — واسطے دانا کے دہلی دور ہے
ہم تو آئے تھے ہوئے آخر مین کیا — عارفو یہ نکتہ یان مستور ہے
کربلا کی سرگذشتین اشرفا — مومنون کے ذکر مین مذکور ہے

نظم پنجم از مرزا محمد ہادی شیرازی کلکتہ

دلون مین ہے تجلی آج کیا تابندہ اختر سے
ضیا جسکی ہے پھیلی ہر طرف خورشید خاور سے
عجب جلسہ عجب سامان دعوت آج ظاہر ہے
سگارٹ سے ڈنر سے آیس سی اور سوڈا واٹر سے
بھرا ہے کنٹرِ جلسہ بحکمِ حاکم یکیتا
محبت سے عنایت سی خوشی کی خاص جوہر سے

یہان پر دیکھتے ہین مجمع ہے حکام ہوگلی کا
کلکٹر سے پولیس سے جج سے اور صاحب کمشنر سے

یہان پر ہین چیرمین ساتھ ڈپٹی اور پلیڈر کے
یہانپر لیڈیان موجود ہین کس شان اور فر سے

یہانپر مظہر الانوار ایزد بخش آتے ہین
امیر الدین صاحب زادہ بیٹھے ہین بڑے فر سے

غرض سامان عمدہ اور نہایت خوب دعوت ہے
مگر مل جاوے مجھکو میڈل سلور ابکی آڈر سے

ہماری اشرف الدین خان بہادر کو مبارک ہو
یہ دعوت اور یہ جلسہ آج شب کا فضل داور سے

خدا آباد رکھے صاحب دعوت کو اے ہادی
صحت سے عافیت سے نام سے عزت سے آنر سے

ہمارے قیصر ہندوستان کی فتح ہو یارب
دعائے خلق سے اور نعرہ اللہ اکبر سے

نظم ششم از سلطان کہ بر مصرع طرح مصنف گفتہ

جس قلب مین ہو عشق شبیر نہین باقی
اوس سا تو زمانہ مین بے پیر نہین باقی

مین منقبت شہ کسطرح زبان کہون
تحریر ہی یان فانی تقریر نہین باقی

مدح شہ ذیشان کر تو نقش نگین دلبر
کاغذ پہ تو رہتی ہی تحریر نہین باقی

کر یاد علی مشکل آسان ابھی ہوتی ہی
جز اسکے رہائی کی تدبیر نہین باقی

مشہور ہی عصا ہین گو در قصہ تیغون کی
پر حضرت مولا سی شمشیر نہین باقی

ہوشہ کی نظر جسپر آزاد ہو وہ غم سے
بیکار دوائین ہین بیسود دعائین ہین
بوچھار جفاؤن کی کیون خرچ نہین کرتا
پیری کرتیرے دن ہین کر رحم غریبون پر
عالم کیطرح فانی عالم کو ہین کل نقشے
ہان جذب محبت مین ہون جوش اگر پیدا
دنیا کی چمک سلطان مٹجاویگی اک پلمین
کیا جذب عقیدت سی یہ نظم ہی سلطانی
اشرف کی دعا یہ ہی آباد رہی سلطان

بندہ کوئی رہتا ہو دلگیر نہین باقی
مجرائی زمانہ مین تاثیر نہین باقی
کیا ظلم وستم کے ہین اب تیر نہین باقی
اب ظلم کی حد چرخ نے پیر نہین باقی
مانی سے مصور کے تصویر نہین باقی
پاؤن مین رہی کوئی زنجیر نہین باقی
جز نور خدا کوئی تنویر نہین باقی
جس نظم مین قرآن کی تفسیر نہین باقی
اسوقت مین شاعر کی توقیر نہین باقی

نظم ہفتم در مثنوی از مصنف

اے مرے دوستان با الفت
وے مرے مشفقان پر شفقت

سُنیے یان گوش دل سی حال مرا
نظم اور نثر مین کمال مرا

اولاً تحفۂ سخن لکھے
جس مین اوصاف پنجتن لکھے

نورتن اوسکے بعد ہے تصنیف
جسمین ہے ذکر شاعران شریف

نثر مین اون کے حال مین موجود
دہر مین یہ کتاب ہے محمود

بعد اوس کے ہے یادگار حضور
نظم مین بے گمان بڑی مشہور

نامۂ عبرت مین کارنامہ ہے
بخدا نثر مین یگانہ ہے

بعد اوسکے کتاب گلدستہ
لغت مین فارسی سی ہے لبستہ

پھر تو دُردانہ خیال چھپی
نثر مین یہ تو پر کمال چھپی

پھر تو طبقات محسنیہ ہے
ذکر و حالات محسنیہ ہے

پھر حدیقہ ہے اور مجموعہ
شاعری ٹینا ہر دور مجموعہ

چار دیوار نثر مین ہی جناب
پارہ پہر نظم مین ہوئی تحریر
بعد اُسکے صحیفۂ اشرف
پہر تو اوراق اشرف آئی ہے
پیش کش کرتا ہون یہ نظم جدید
گر ہو مقبول آپ کو یہ سخن
واہ کیا رتبہ شاعری کا ہے
اشرفا کر دعا کہ یہ اشعار
قدر دانون کو میرے بہجت ہو

طرہ ہے فارسی مثل گلاب
جس سے ہین خوش بیان صغیر و کبیر
شاعری مین لطیفۂ اشرف
اس زمانہ مین الطف آئی ہے
آپکے سامنے ہے قابل دید
اوس گھڑی نام ہو مرا روشن
کہ یہ جز ایک پیمبری کا ہے
ہو وین مقبول ایزدِ غفّار
ساتھہ اونکے ہمارے عزت ہو

ورق پنجم در متفرقات

نظم اوّل در وصف پرنٹس صاحب سابق کلکٹر ہوگلی

اے رئیس نامور وی حاکم عالی نشان
ایکہ جامت در کف است وجم بود بر آستان
حاکم عادل تو ئی ہم ناظم کامل تو ئی
خوش زبان و خوش بیان در دور چون نوشیروان
نام تو مسٹر پرنٹس آمدہ از روے حق
زانکہ تو افزاختی نام و نشانِ حاکمان
در سخاوت ہم چو حاتم در شجاعت رستمی
صیت عدلت می بود مشہور در ہندوستان
گرچہ حکامِ سلف پیش از تو کردہ نام خوب

لیک در ہوگلی بدانش نام گردی بیگمان ✤

گر ز حکم و رائے تو گردن بہ پیچد این فلک

محورش را باز گردانی چو خطِ کہکشان

مے روی افسوس از ہوگلی بملک خود بہ لیو

زین جہت ہندو مسلمان مے کند از دل فغان

حسب رائے انجمن این دعوتِ تو کردہ شد

زانکہ داری یاد این اخلاص ما را بیگمان

مطلعِ صبحِ کیاست منبعِ جود و سخا ✤✤

آسمانِ عقل مندی آفتاب برج شان،

خامۂ **اشرف** بوصفِ تو نوشت این نظم را

تاکہ مانی بہر علیسے شادمان اندر جہان

نظم دوم در مدح کلکٹر صاحب بہادر عالی

ہوگلی بزبانِ اُردو

شور محشر زا ہے جلوہ روئے پُر تنویر کا

آفتابِ ہند خاکا ہے تری تصویر کا

کیا بر ڈلی برٹ صاحب سے ہوا ہوگلی کو فخر

خاک مین یان کے نہ کیونکر ہو اثر اکسیر کا

حاکمِ عاقل بڑے منصف مزاج اور ذی شعور

لن ترانی ترجمہ ہے بس تری تقریر کا

سارے ہوگلی کو عجب نازش ہی تیری دم سی آج

کیا اثر ہے واہ تیرے خلق کے تاثیر کا

راست بازون کو تواضع ہی کجون کی جا نگزا

واسطے النسان کے جھکنا قہر ہے شمشیر کا

واہ رے اعجازِ تیغِ حسن اے علیسے نفس

ہر دہانِ زخم سے ایک شور ہے تکبیر کا

نور سے تیرے ہمارا شہر ہے محسود مہر

پایا ہر ذرہ نے **اشرف** درجہ کیا تنویر کا

نظم سوم در مدح ایضاً

جہاں میں غلغلہ برپا ہے اوس سلطانِ دوران کا
لقب روشن برڈلی برٹ ہے جس ماہِ تابان کا

لیاقت مین فراست مین حکومت مین عدالت مین ہا
نہیں ہمتا جہان مین کوئی اس رشکِ تریان کا

امید مدح خوانی ہو زمانہ کو صد اجن کی
بھلا اوصاف اوسکے لکھ سکے کیا منھہ ہی انسان کا

جہان مین سنگ در اونکا اثر پارس کا رکھتا ہے
غنی وہ ہے لیا بوسہ کہ جس نے اُسکے ایوان کا

رئیس چیچرہ ہو گلی اسی کے در پہ آتے ہین
یہہ وہ در ہے کہ جس پر ہے کرم علیسٰے دوران کا

اسے لطفِ فصاحت کہتے ہین رنگِ سخن یہ ہے
ادا کی بات جو شادی وہ فقرہ ہے گلستان کا

یہہ وہ حاکم ہے جسکے حکم ناطق سے زمانہ مین
ہوا منسوخ حکمِ نادر و چنگیز ہومان کا

ستارون مین منور جس طرح سے ماہِ کامل ہے
تو ہین اقبال تابندہ ہے اس مہرِ درخشان کا

برڈلی برٹ کی خاطر یہان جلسہ یہہ برپا ہے
نہیں کچھ فرق اس مین ہے ذرا ہندو مسلمان کا

کہان ہین ارغوان والے بجاوین اپنی نوبت کو

خوشی مین ایسے حاکم کے جو ہے اکلیل دوران کا
اسی کی آمد آمد مین خوشی ہوگلی مین چھائی ہے
چمن پھولا ہوا ہے دوسرا ہے رنگ بستان کا
گھٹا ہے ابر ہے طاؤس ہے باد بہاری ہے
عجب انداز سے جلوا ہے یان بزم سلیمان کا
کہین پر راجہ بیٹھے ہین کہین پر جج کمشنر ہین
کہین پر طفل اور برنا کہین مجمع ہے پیران کا
کلکٹر کو حکومت شہر ہوگلی کی مبارک ہو
ہمیشہ او سپہ ہو سایہ ہمارے شاہ برطان کا
اسی کا نام ہو عزت ہو اور اقبال افزون ہو
پھلے پھولے وہ **اشرف** مہر ہو اوسپر سلیمان کا

نظم چہارم در احوال ہوگلی

کس نداند کہ جان است دیار ہوگلی
باہمہ نخل و گلستان و بہار ہوگلی
از چہل سال فزون گشتہ قیامم اینجا
واقفم از ہمہ حالات جوار ہوگلی
یک طرف مے نگرد مرد مسافر اینجا
آمد و رفت ہو دان بکار ہوگلی
اہل اسلام درین شہر غریب اند و غریب
کار این قوم تباہ است بدار ہوگلی
لیک یک وقف کہ از محسن ما شد قایم
ہست در خیر و کرم خوب بدار ہوگلی
اندرین وقت کہ از نکتہ دران ہست کسی
کہ زند حرف بہ توصیف نگار ہوگلی
آن رئیسان کہ گشتند دریغا **اشرف**
ہمہ بودند بلا ریب وقار ہوگلی

نظمِ پنجم بر دو غزلیاتِ فارسی

در ختمِ کتاب مع ضمیمہ

فریبِ حسنِ تو مارا ز کار و بار انداخت
عجیب پردۂ غفلت بروے کار انداخت

مرا فگند چو طفلِ سرشک چشم ز چشم
ز مردمِ نظر آخر ز اعتبار انداخت

کہ سوخت این دلِ کاہیدہ ام چو برگِ گیاہ
ز شر کدام شرر این چنین شرار انداخت

مرا ز پردۂ شرم و حیا نمود برون
چہ جلوہ بود کہ مارا ز ننگ و عار انداخت

کجاست ساقیِ مہوش کہ گردشِ چشمش
کہ یک کرشمۂ او اینچنین خمار انداخت

مرا بگلشن و گل این قدر خیال نبود
مرا بہار تو در وصف نو بہار انداخت

بحیرتم چہ بگویم بہ گلبن و گلِ او
کہ گلشنش گلِ ایجاد از قرار انداخت

گمان روز و شب آخر بباہم کردند
چو آن نگار بر رخ زلف تابدار انداخت

مثالِ بلبلِ شیراز نظمِ تو اشرف
بہ نغمہ سنجی تو نغمۂ ہزار انداخت

ایضاً غزل فارسی

چمن ز بادِ بہاری بہ آب و تاب آید
کہ ہر گلے بہ چمن رشکِ آفتاب آید

بنفشہ ہم چو بنا گوش خط بہ نقش کشد
ز دید نقشِ دلِ عاشق باضطراب آید

گلے بہر شجر گل بہ دلبرے خندد
ز چشمِ بلبل ازاں آب چون گلاب آید

بہار شد چمن افروز ساقیا درباب
بہ بزمِ مطرب و تار و می و کباب آید

شوم فدائے تو ای گل عذار سیم اندام
کہ غنچہ آمدہ در بزم انتخاب آید

بہار دل بر مار شک سرو غیرتِ گل
ز گلبن و گلِ آن نکہتِ شباب آید

مگر بجائے پیمبرؐ نظارہ کن اشرف
علیؑ ولیِ خدا مالک الرقاب آید

کتاب اوراق اشرف ورق اوّل

در اشعار فارسی

پرچہ اول در قصاید فارسی

نظم اوّل در نعت حضرت سید کائنات و خلاصۂ موجودات صلیّ اللہ علیہ و آلہ وسلم
نظم دوم در منقبت حضرت شاہِ اولیا علیؑ مُرتضےٰ علیہ السّلام
نظم سوم در منقبت حضرت عبّاس علمدار علیہ السّلام

پرچہ دوم در رباعیات فارسی

مع دو قطعات فارسی

رباعی اوّل در معرفت
رباعی دوم در حمد و نعت و منقبت
رباعی سوم در نعت
رباعی چہارم در منقبت
رباعی پنجم در منقبت
رباعی ششم در ثنائے حضرت عباسؑ
رباعی ہفتم در مدح حضرت علی اکبرؑ
رباعی ہشتم در وصف حضرت قاسمؑ
قطعہ فارسی در توصیف جناب مجتہد عصر لکھنؤ
ایضاً قطعہ در فارسی در تہنیت عید سعید ماہ رمضان

پرچہ سوم در غزلیات فارسی

غزل اوّل

غزل دوم

غزل سوم

غزل چہارم

غزل پنجم

غزل ششم

غزل ہفتم

غزل ہشتم

غزل نہم

غزل دہم

ورق دوم در اشعار اردو

پرچۂ اوّل در رُباعیات اُردو

رُباعی اول در عبرت

رُباعی دوم در مذمتِ دُنیا

رُباعی سوم در محبت

قطعہ اردو در نعت

پرچہ دوم در نوحہ اُردو

نوحہ اول در رحلت حضرت خاتم انبیاؐ

نوحہ دوم در شہادت حضرت امیرؑ

نوحہ سوم در شہادت حضرت علی اصغرؑ

پرچہ سوم در مرثیہ

مرثیہ در شہادت حضرت سیّد الشہداؑ امام حسینؑ

ورق سوم در نظم اُردُو

پرچہ اول در قصاید وغیرہ

نظم اول در نعت حضرت سیّد المرسلینؐ

نظم دوم در منقبت حضرت مولا مشکلکشا شیر خداؑ

نظم سوم در منقبت حضرت مولا مشکلکشاؑ

نظم چہارم در منقبت حضرت خاتم الاولیاؑ

نظم پنجم در صفت قرآن مجید و فرقان حمید

پرچہ دوم در غزلیات اردو

غزل اوّل

غزل دوم

غزل سوم

غزل چہارم

غزل پنجم

غزل ششم

غزل ہفتم

غزل ہشتم

غزل نہم

غزل دہم

پرچہ سوم در سلام اردو

سلام اول۔ در مدیحہ بشان حضرت ساقی کوثر حیدر صفدرؑ

سلام دوم۔ در مدیحہ بشان حضرت خامس آل عباؑ

سلام سوم - بنام حضرت شاہ ولایت مآب بوتراب ۴
سلام چہارم بنام پنجتن پاک ۴
سلام پنجم در مدحیہ بشان حضرت امیر المومنین ۴

سلام ششم در مدحیہ حضرت سید الشہدا ۴
سلام ہفتم در مدحیہ بشان حضرت امام حسین علیہ السلام
سلام ہشتم - در مدحیہ بشان حضرت شبیر ۴

ورق چہارم در ملحقات

نظم اوّل در نعت نبوی ۴
نظم دوم در منقبت مرتضوی ۴
نظم سوم در منقبت مرتضوی ۴ بفارسی
نظم چہارم - در سلام باردو
نظم پنجم - از مرزا محمد ہادی شیرازی کلکتہ در وصف مصنّف
نظم ششم از سلطان سلمہ نبیرہ مصنّف
نظم ہفتم - در مثنوی باردو

ورق پنجم در متفرقات

نظم اوّل در وصف پرنٹیس صاحب بہادر کلکٹر سابق ہوگلی
نظم دوم در وصف برڈلی برٹ صاحب بہادر کلکٹر حال ہوگلی
نظم سوم در وصف ایضاً
نظم چہارم در احوال شہر ہوگلی
نظم پنجم در دو غزلیات فارسی و ختم کتاب مع ضمیمہ اشعار آشرف

Villa Rheinstim,
DARJEELING,
The 27th September 1915.

My Dear Khan Bahadur

Many thanks for a copy of your production the Sahifai-Ashraf which you have been good enough to send me. I have read portion of it with much pleasure and congratulate you on the success of your effort.

Yours Sincerely
Sd. Shamsul Huda.

The above letter is addressed to Nawabzada Syed Ashrafuddin Ahmed Khan Bahadur by the Nawab Syed Shamshul Huda M.A., B.L., in respect of Sahifa-i- Ashraf.

77, Russa Road,
North, Bhowanipur,
CALCUTTA
The 26th March 1915.

My Dear friend,

I have received your book which you have so kindly forwarded to me. I am greatly obliged to you for this valuable gift. I did not know that you were such a wonderfully good writer. I only wish you will write many more works and leave a great name behind.

Yours very sincerely,
Sd. Asutosh Mukherjee.

The above letter is addressed to Nawabzada Syed Ashrafuddin Ahmed Khan Bahadur by the Hon'ble Justice Sir Asutosh Mukherjee Knight, C.S.I., M.A,. D.C.L. &c, to whom the book Sahifai Ashraf was dedicated.

Books by Nawabzada Syed Ashrafuddin Ahmed Khan Bahadur, Mutawali Hooghly Imambara.

No.	Name	To whom dedicated.	Name of the Press where published.	Particulars.	Date of publication.	Remarks.
1	Tohfai Sookhan	Late Nawab Amir Ali Khan Bahadur C. I. E. (Author's father)	Moonshi Newal Kishore Press Lucknow.	Poems in Persian and Urdu.	1881	400 copies were printed and freely distributed.
2	Nawratan	Honourable Sir Ashley Eden K. C. S. I., L.G. of Bengal.	Mahomedan Press Lucknow.	Short lives of 9 famous poets of Persia in Prose.	1882	1000 copies. This is the standard work of the Author and well noticed by public. Price 8 Annas.
3	Ibrat Namah	Late Moulvi Syed Keramat Ali Sahib	Al Punch, Bankipur.	Short life of the Late Nawab Amir Ali C.I.E. in Prose.	1883	100 copies freely distributed. It is out of print now.
4	Yadgar	Hon'ble Sir Rivers Thompson K.C.S.I., L.G. of Bengal.	Kudsee Press, Calcutta.	Poems in Persian and Urdu.	1884	350 copies freely distributed. Popular with Public.
5	Durdana	Sir D. M. Wallace K. C. I. E.	Newal Kishore Press, Lucknow.	Prose in Persian and poems in Urdu.	1888	300 copies ditto.
6	Tabkat-i-Mohsinya	Hon'ble Sir S. C. Bayley K.C.S.I., C. I. E., L.G. of Bengal.	Urdu Guide Press Calcutta.	History of the Hooghly Imambara in prose.	1889	The most well known work of the author, which made him a Fellow of the Calcutta University. 500 copies. Price 8 Annas per copy.
7	Guldasta	Late Nawab Sultan Sahib of Murshidabad.	Al Punch, Bankipore.	Poems in Persian and Urdu.	1890	250 copies freely distributed and well noticed.

No.	Name.	To whom dedicated.	Name of the Press where published.	Particulars.	Date of publication.	REMARKS.
8	Hadeeka	The first Nawab Bahadur G.C.I.E. of Murshidabad.	Newal Kishore Press, Lucknow.	Poems in Persian and Urdu.	1891	300 copies freely distributed and much appreciated.
9	Char Diwar	Hon'ble, Sir Charles Elliot K. C. S.I., L. G. of Bengal.	Ripon Press, Calcutta.	Prose in Persian with Essays.	1894	300 copies freely distributed. Useful for students. Out of print.
10	Parai-Sookhan	Right Hon'ble Syed Amir Ali P.C., C.I.E., M.A., L.L.D.	Asifi Press, Lucknow.	Poems in Persian and Urdu.	1897	350 copies freely distributed and is much appreciated.
			...	...		
11	Tarai-Sookhan	Late Haji Mahamed Mohsin Sahib of Hooghly.	Do.	Do.	1901	Do.
12	Majmoa	Late Prince Sir John Kedar Mirja K.C.I.E., of Oude family.	Newal Kishore Press Lucknow.	Prose and poetry in Honour of Huzrat Ali (Peace of God on his soul)	1902	300 copies freely distributed and much appreciated.
13	Saheefai Ashraf	Justice Sir. A. Mukherjee C.S.I., D.C.L., L.L.D., Vice Chancellor, Calcutta University.	Azizi Press, Agra.	Poems in Persian and Urdu.	1913	500 copies well noticed by public and patronized and freely distributed Price 4 Annas.
14	Auraki-Ashraf	Hon'ble Sir William Duke K.C.S.I., K.C.I.E., Last L. G. of Bengal.	Nasratal Islam Press Calcutta.	Do.	1915-1916	Do. Price 5 Annas

DEDICATED TO THE

Hon'ble Sir William Duke

K. C. S. I., K. C. I. E.,

The last Lieutenant Governor

of Bengal

AS A TOKEN OF DEEP REGARD

AND

RESPECT

By the Author

HOOGHLY IMAMBARA

HOOGHLY.

AURAQUE ASHRAF.

BY

Nawabzada Khan Bahadur,

SYED ASHRAFUDDIN AHMED,

MUTAWALLI

OF THE HOOGHLY IMAMBARA

AND

FELLOW OF THE CALCUTTA UNIVERSITY

AND

TRUSTEE OF THE ALIGARH COLLEGE,

HOOGHLY.

1915-16.